پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

02/12/2021

نگینا برانچ کے مخدوش کناروں کی تجدید کاری کے 22.70 لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ:02دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی اور آبی وسائل کے ذریعہ نگینا برانچ کے مخدوش کناروں کی تجدید کاری کی اسکیم کے لیے مجوزہ رقم 2270 لاکھ روپئے اسکیم کے باقی کاموں کے لیے جاری کیے جانے کی منظوری دی گئی ہے۔۔

اس ضمن میں اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 01دسمبر 2021 کو حکم نامہ جاری کرتے ہوئے ہدایت دی گئی ہے کہ اسکیم کے تعمیراتی کام بروقت مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم ناموں پر عمل ضروری طور پر کیا جائے۔رقم کا خرچ منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے ایسا نہ کرنے پر کسی طرح کی بے ضابطگی کے لیے محکمہ کی ذمہ داری ہوگی۔منظور رقم کا استعمال منظور اسکیموں پر ہی کیا جائے ایسا نہ کیے جانے پر کسی طرح کی بے ضابطگی ہونے پر تمام ذمہ داری محکمہ کی ہوگی۔اسکیم میں کرائے جانے والے کاموں میں معیار اور بروقت کرایا جانا چیف انجینئر کے ذریعہ یقینی بنایا جائے اس کا معائنہ کرکے فوٹو وغیرہ بھی مہیا کرانا ہوگا۔

☆☆☆☆☆